94



ترتیبِ تلاوت	نام سورہ	ترتیبِ نزول	مکی / مدنی	تعداد رکوع	آیات	پارہ شمار	نام پارہ
5	سُوْرَۃُ الْمَآئِدَۃ	112	مدنی	16	120	6	لَا یُحِبُّ اللّٰهُ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو رحمٰن اور رحیم ہے

> آیات نمبر 1 تا 3 میں اپنے عہد وپیمان پورا کرنے کی تلقین۔ شعائر اللہ، محترم مہینوں، قربانی کے جانوروں اور بیت اللہ کے عازمین کی حرمت کی تاکید-حالت احرام میں شکار کی ممانعت -کھانے پینے کی چیزوں میں حرام اور حلال کی تفصیل-

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَوۡفُوۡا بِالۡعُقُوۡدِ ؕ اے ایمان والو! اپنے عہد وپیمان اور
قول و قرار کو پورا کرو اُحِلَّتۡ لَکُمۡ بَهِیۡمَۃُ الۡاَنۡعَامِ اِلَّا مَا یُتۡلٰی عَلَیۡکُمۡ
غَیۡرَ مُحِلِّی الصَّیۡدِ وَ اَنۡتُمۡ حُرُمٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَحۡکُمُ مَا یُرِیۡدُ ﴿۱﴾ تمہارے
لئے مویشی قسم کے تمام جانور حلال کر دیئے گئے ہیں سوائے ان جانوروں کے جن کی
حرمت تم کو سنا دی جائے گی، مگر جب تم احرام کی حالت میں ہو تو شکار کو کسی وقت
بھی حلال نہ سمجھنا، بیشک اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے حکم دیتا ہے یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا
لَا تُحِلُّوۡا شَعَآئِرَ اللّٰهِ وَ لَا الشَّهۡرَ الۡحَرَامَ وَ لَا الۡهَدۡیَ وَ لَا الۡقَلَآئِدَ وَ
لَاۤ آٰمِّیۡنَ الۡبَیۡتَ الۡحَرَامَ یَبۡتَغُوۡنَ فَضۡلًا مِّنۡ رَّبِّهِمۡ وَ رِضۡوَانًا ؕ اے



ایمان والو! اللہ کی مقرر کردہ نشانیوں کی بے حرمتی نہ کرو اور نہ حرمت والے مہینے کی
اور نہ ان قربانی کے جانوروں کی جو حرم لے جائے جا رہے ہوں، اور نہ ان جانوروں
کی جن کے گلے میں نذر خداوندی کی علامت کے طور پر پٹے پڑے ہوئے ہوں اور نہ
ان لوگوں کی جو اللہ کا فضل اور اس کی رضامندی کی تلاش میں بیت الحرام یعنی خانہ
کعبہ کی طرف جا رہے ہوں وَ اِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ؕ اور جب احرام کی
حالت ختم ہو جائے تو تم شکار کرسکتے ہو وَ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ
صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ اور تمہیں کسی قوم کے
خلاف اس بات کا بغض کہ اس نے مسجدِ حرام سے روکا تھا، تمہیں اس بات پر نہ
اکسائے کہ تم ان کے ساتھ زیادتی کرو وَ تَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَ التَّقْوٰى ۖ وَ لَا
تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ ۖ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ
الْعِقَابِ ۝٢ اور نیکی اور پرہیز گاری کے کاموں میں ایک دوسرے کی آپس میں مدد
کیا کرو اور گناہ اور ظلم کے کاموں پر ایک دوسرے سے تعاون نہ کیا کرو اور اللہ تعالیٰ
سے ڈرتے رہو یقیناً اللہ تعالیٰ بہت سخت سزا دینے والا ہے حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ
الْمَيْتَةُ وَ الدَّمُ وَ لَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَ مَاۤ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَ الْمُنْخَنِقَةُ
وَ الْمَوْقُوْذَةُ وَ الْمُتَرَدِّيَةُ وَ النَّطِيْحَةُ وَ مَاۤ اَكَلَ السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ ۫ قف
تم پر حرام کر دیا گیا ہے مردار جانور اور خون اور سؤر کا گوشت اور وہ جانور جو اللہ کے
سوا کسی اور کے نام پر ذبح کیا گیا ہو اور وہ جانور جو گلا گھٹنے سے مر جائے یا چوٹ کھا کر

مرا ہو یا بلندی سے گر کر مرا ہو اور وہ بھی جو کسی جانور کے سینگ مارنے سے مرا ہوا
اور وہ جسے کسی درندے نے پھاڑ کھایا ہو سوائے اس کے جسے مرنے سے پہلے تم نے
ذبح کر لیا ہو وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ؕ ذٰلِكُمْ
فِسْقٌ ؕ اور وہ جانور بھی حرام ہے جو بتوں کے آستانے پر ذبح کیا گیا ہو اور یہ بھی
حرام ہے کہ تم فال کے تیروں سے گوشت تقسیم کرو یا قسمت کا حال معلوم کرو، یہ
سب گناہ کے کام ہیں اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا
تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ؕ آج کافر تمہارے دین کی طرف سے بالکل مایوس ہو چکے
ہیں، لہٰذا تم ان سے نہ ڈرو اور صرف مجھ ہی سے ڈرو اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ
دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ؕ آج
کے دن میں نے تمہارے لئے تمہارے دین کو کامل کر دیا ہے اور میں نے اپنی نعمت تم
پر پوری کر دی اور تمہارے لئے اسلام کو بطور دین پسند کر لیا ہے فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ
مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٣ پھر جو شخص
بھوک کی وجہ سے مجبور ہو کر کوئی حرام چیز کھا بیٹھے بشرطیکہ وہ گناہ کی طرف مائل
ہونے والا نہ ہو تو یقیناً اللہ تعالیٰ بڑا بخشنے والا اور ہر وقت رحم کرنے والا ہے

95



آیات نمبر 4 تا 5 میں بعض صحابہ کی طرف سے پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں تربیت یافتہ شکاری جانوروں سے شکار کرنے کے احکام – اہل کتاب کا کھانا اور ان کی عورتوں سے شادی کے احکام

يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَآ اُحِلَّ لَهُمْ ؕ لوگ آپ سے دریافت کرتے ہیں کہ ان کے
لئے کیا چیزیں حلال کی گئی ہیں قُلْ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۙ وَ مَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ
الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ ۫ فَكُلُوْا مِمَّاۤ اَمْسَكْنَ
عَلَيْكُمْ وَ اذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ ۪ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ
الْحِسَابِ ۝۴ آپ فرما دیجئے کہ تمہارے لئے سب پاکیزہ چیزیں حلال کر دی گئی ہیں
اور وہ شکاری جانور جن کو تم نے شکار پر دوڑانے کے لئے سدھایا ہو اور جب کہ تم نے
ان کو شکار کے وہ طریقے سکھا دیے ہوں جو اللہ کی دی ہوئی عقل و دانش سے تم نے
بنائے ہیں، تو ایسے شکاری جانور جس شکار کو تمہارے لئے پکڑ رکھیں اس کو کھا لیا کرو
اور شکاری جانور کو دوڑاتے وقت اللہ کا نام لے لیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو، بیشک
اللہ تعالیٰ بہت جلد حساب لینے والا ہے اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ؕ آج
تمہارے لئے سب پاکیزہ چیزیں حلال کر دی گئیں وَ طَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا
الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ ۪ وَ طَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ۫ وَ الْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ
وَ الْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ اِذَاۤ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ
اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ وَ لَا مُتَّخِذِيْۤ اَخْدَانٍ ؕ اور اہل

کتاب کا کھانا یعنی ذبیحہ تمہارے لئے حلال ہے اور تمہارا کھانا یعنی ذبیحہ ان کے لئے
حلال ہے، اور پاک دامن عورتیں جو مسلمان ہوں اور وہ پاک دامن عورتیں جو ان
لوگوں میں سے ہوں جنہیں تم سے پہلے کتاب دی جاچکی ہے یہ عورتیں بھی تمہارے
لئے حلال ہیں بشرطیکہ تم انہیں ان کے مہر ادا کر کے نکاح کرو اور ان کے محافظ بنو
، محض بدکاری یا خفیہ آشنائی کرنا مقصود نہ ہو وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ
حَبِطَ عَمَلُهٗ ۡ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝٥ اور جس شخص نے احکام
الٰہی پر ایمان لانے سے انکار کیا تو اس کے سارے اعمال برباد ہو گئے اور وہ آخرت
میں نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو گا رکوع [۱]